Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666

باب نمبر 12 — درخواستیں

درخواست:

درخواست یا عرضی سے مراد وہ تحریر ہے جو کسی ماتحت یا عام آدمی کی طرف سے کسی خاص مقصد یا ضرورت کے لیے افسران بالا کو بھیجی جائے۔

درخواست لکھنے کا طریقہ:

1- جس افسر مجاز کو درخواست لکھنی ہو سب سے پہلے اس کا عہدہ اور پتہ بڑے ادب کے ساتھ پہلی سطر میں لکھنا چاہیے۔

2- "جناب عالی" کے الفاظ دوسری سطر کے عین درمیان میں لکھنے چاہئیں۔

3- تیسری سطر میں "مؤدبانہ گزارش" یا "باادب التماس" کے الفاظ لکھ کر آگے مدعا شروع کر دینا چاہیے۔

4- درخواست میں افسر کے ادب واحترام کا پورا خیال رکھنا چاہیے۔

5- جب درخواست کا مضمون مکمل ہو جائے تو آخر میں "زیادہ ادب" کے الفاظ لکھ دیے جائیں۔

6- آخر میں "العارض" کا لفظ لکھ کر نیچے اپنا نام اور پتہ تحریر کرنا چاہیے۔

7- اپنے نام کے ساتھ عام طور پر "فدوی" کا لفظ لکھا جاتا ہے۔

نمونہ درخواست

لقب بمعہ عہدہ اور پتہ

جناب عالی!

....

....

....

....

شکریہ کے الفاظ

www.downloadclassnotes.com

العارض

لکھنے والے کا نام

دستخط والد/سرپرست

جماعت

رول نمبر

تاریخ

ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام درخواست
(برائے رخصت بیماری)

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب

اسلام آباد ماڈل سکول نور پور شاہان، اسلام آباد

جناب عالی!

آپ سے مؤدبانہ گزارش ہے میں رئیس آپ کے اسکول کی جماعت ہفتم (الف) میں زیر تعلیم ہوں، مجھے کل رات سے بہت تیز بخار ہے، نزلہ زکام ہے اور سردی بھی بہت لگ رہی ہے۔ میں بہت کمزوری محسوس کر رہا ہوں۔ اس لیے اسکول حاضر ہونے سے قاصر ہوں۔ براہ کرم مجھے دو یوم یعنی 15 ستمبر سے 16 ستمبر تک کی رخصت عنایت فرمائیں۔

آپ کی عین نوازش ہوگی۔

العارض

فدوی رئیس احمد

جماعت ہفتم (الف)

ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام درخواست (دوبارہ داخلے کے لیے)

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب

محسن مرتضیٰ شہید سکول G-6/4، اسلام آباد

جناب عالی!

مؤدبانہ التماس ہے کہ میرا گاؤں اسکول سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ چند روز پہلے ہمارے گاؤں میں ملیریا کی وبا پھوٹ پڑی۔ بہت سے لوگ اس مرض میں مبتلا ہوئے مجھ پر اس بیماری کا شدید حملہ ہوا۔ اور میں اپنی بیماری کی اطلاع اسکول نہیں بھجوا سکا کیونکہ میرے گاؤں

Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666
www.downloadclassnotes.com

سے کوئی اور لڑکا (فاصلہ زیادہ ہونے کے باعث) میرے اسکول میں نہیں پڑھتا۔ تین چار دن کے بعد اس مرض سے مجھے نجات مل گئی لیکن کمزوری کے باعث مجھے دو قدم چلنا بھی مشکل تھا۔ اس وجہ سے میں کل تک اسکول میں حاضر نہ ہو سکا اور زیادہ غیر حاضری کے باعث اسکول سے میرا نام خارج کر دیا گیا۔ براہ کرم مجھے دوبارہ جماعت ہفتم (الف) میں داخل فرما کر شکریے کا موقع دیں۔ آئندہ آپ کو شکایت کا موقع نہیں دوں گا۔

العارض
فدوی فہیم سلیم
جماعت ہفتم (الف)

دستخط والد
سلیم احمد بقلم خود
12 اگست 2020ء

ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام درخواست اسکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے

بخدمت ہیڈ مسٹریس صاحبہ

اسلام آباد ماڈل سکول برائے طالبات F-7/2، اسلام آباد

جناب عالیہ!

ادب سے گزارش ہے کہ میرے والد صاحب کا تبادلہ کراچی ہو گیا ہے۔ تمام اہل خانہ کے ساتھ مجھے کراچی جانا ہوگا۔ مہربانی فرما کر مجھے اسکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ عنایت فرما دیں تاکہ میں کراچی میں کسی اچھے اسکول میں داخلہ لے کر اپنی پڑھائی جاری رکھ سکوں۔ شکریہ

العارض
برہان منیر
جماعت ہفتم ج

7 اگست 2020ء

درخواست برائے فیس معافی

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب

گورنمنٹ ہائی سکول، اسلام آباد

جناب عالی!

گزارش ہے کہ میرے والد صاحب بہت بوڑھے ہو چکے ہیں۔ وہ مزدوری کرتے ہیں۔ ان کی آمدنی نہایت کم ہے والدہ صاحبہ سلائی کا کام کر کے گھر کے اخراجات برداشت کرنے

Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666
www.downloadclassnotes.com

میں ان کی مدد کرتی ہیں لیکن پھر بھی اس مہنگائی کے دور میں ہمارا پورا نہیں ہو رہا ہے۔

مجھے تعلیم حاصل کرنے کا بہت شوق ہے۔ اور میں ہر امتحان میں اول پوزیشن حاصل کرتا ہوں۔ آپ سے گزارش ہے کہ میری پوری فیس معاف فرما کر مجھ پر احسان کریں اور ایک طالب علم کو جہالت کے گڑھے میں گرنے سے بچالیں۔ میں آپ کا تاحیات احسان مند رہوں گا۔

العارض

دستخط والد　　　　محمد فیصل

محمد شریف　　　　جماعت ہفتم الف

رول نمبر 10

5 اپریل 2020ء

درخواست بنام ایس ڈی او (واپڈا) برائے درستی بجلی

بخدمت جناب ایس۔ڈی۔او صاحب

جناب عالی!

گزارش ہے کہ ہمارے محلہ بارہ کہو میں بجلی کا انتظام بہت ناقص ہے۔ کھمبے بہت پرانے ہو چکے ہیں۔ تار خراب ہو چکے ہیں۔ ذرا سی تیز ہوا یا آندھی آئے تو تار گرنے لگتے ہیں۔ بارش کے موسم میں بھی تاروں کے گرنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ رات کو کئی کئی گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے اور دن میں بھی آنکھ مچولی کھیلتی رہتی ہے۔ اندھیرا چھایا رہتا ہے۔ جس سے لوگوں کو سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اہل محلّہ کو شکایت ہے کہ آپ کا محکمہ اس طرف کوئی توجہ نہیں دے رہا ہے۔ ازراہ مہربانی ہمارے محلے میں روشنی کے انتظام پر توجہ دی جائے۔ امید ہے کہ ہماری اس مشکل پر آپ توجہ دیں گے۔

عرضے نیاز

منجانب باشندگان

محلہ G-6/4

اسلام آباد

25 جون 2020ء

Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666
www.downloadclassnotes.com

ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست
(محلہ کی صفائی کے لیے)

بخدمت جناب ہیلتھ آفیسر صاحب میونسپل کارپوریشن اسلام آباد

جناب عالی!

نہایت مؤدبانہ گزارش ہے کہ ہمارے محلے (نور پور شاہان) میں صفائی کا انتظام انتہائی ناقص ہے۔ گلی محلہ میں جگہ جگہ کوڑے کرکٹ کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ گٹروں کی صفائی نہ ہونے سے سڑکوں پر پانی کھڑا ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے سڑکیں ٹوٹتی پھوٹتی جا رہی ہیں۔ خاکروب کئی کئی روز تک نہیں آتا۔ گندگی سے اٹھنے والی بدبو سے اہل محلہ پریشان ہیں۔ مکھیوں اور مچھروں کی افراط ہے۔ اگر صفائی نہ ہوئی تو ڈر ہے کوئی متعدی بیماری نہ پھوٹ پڑے۔

اہلیان محلہ کی آپ سے گزارش ہے کہ محلے کی صفائی کا معقول انتظام کروائیں اور سب لوگوں کو ان مشکلات سے نجات دلائیں۔ تمام اہل محلہ آپ کے احسان مند ہونگے۔

العارض

اہلیان محلہ

نور پور شاہان، اسلام آباد

16 جون 2020ء

☆......☆......☆......☆

www.downloadclassnotes.com

Website: www.downloadclassnotes.com, Email: raoshahzadiftikhar@gmail.com, Contact # 0313-5665666